[AS PASSED BY THE MAJLIS-E-SHOORA (PARLIAMENT)]

A

BILL

further to amend the Regulation of Generation, Transmission and Distribution of Electric Power Act, 1997

WHEREAS, it is expedient further to amend the Regulation of Generation, Transmission and Distribution of Electric Power Act, 1997 (XL of 1997) for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.-** (1) This Act shall be called the Regulation of Generation, Transmission and Distribution of Electric Power (Amendment) Act, 2021.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 18, Act XL of 1997.-** In the Regulation of Generation, Transmission and Distribution of Electric Power Act, 1997, in section 18, in sub-section (1), for the full stop at the end, a colon shall be substituted and thereafter following proviso shall be added, namely:-

> "Provided that any distribution company, shall not disconnect the electricity, on any ground of any consumer who regularly pays his bill. Moreover, the electricity of a consumer regularly paying bill, shall not be disconnected on the pretext that his neighbor or other consumer of that particular locality do not pay bill."

STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

It has come to knowledge that electricity distribution companies also disconnect electricity connections of those consumers who pay their bills regularly. However their neighbours or the people of that locality (Mohalla) do not pay Bills. This is injustice to those who pay their bills regularly and they are punished for the crime committed by others. Distribution companies have failed to evolve a mechanism in this regard. So this Bill is need of the hour.

Sd/-
MR. QADIR KHAN MANDOKHAIL
Member-in-charge

[مجلس شوریٰ (پارلیمنٹ) کی منظور کردہ صورت میں]

برقی توانائی کی پیداوار، ترسیل اور تقسیم کا انضباط ایکٹ، ۱۹۹۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا

بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے برقی توانائی کی پیداوار، ترسیل اور تقسیم کے انضباط ایکٹ، ۱۹۹۷ء (نمبر ۴۰ بابت ۱۹۹۷ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا برقی توانائی کی پیداوار، ترسیل اور تقسیم کا انضباط (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۴۰ بابت ۱۹۹۷ء، دفعہ ۱۸ کی ترمیم۔** برقی توانائی کی پیداوار، ترسیل اور تقسیم کا انضباط ایکٹ، ۱۹۹۷ء میں، دفعہ ۱۸ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، آخر میں وقف کامل (۔) کو شرحہ (:) سے تبدیل کر دیا جائے گا اور اس کے بعد حسب ذیل جملہ شرطیہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"مگر شرط یہ ہے کہ کوئی کمپنی کسی بھی بنیاد پر ایسے صارف کی بجلی منقطع نہیں کرے گی جو باقاعدگی سے بل ادا کرتا ہے۔ مزید برآں! باقاعدگی سے بل ادا کرنے والے صارف کی بجلی اس وجہ سے بھی منقطع نہیں کی جائے گی کہ اس کے پڑوسی یا ارد گرد کی آبادی کے دیگر صارفین بل ادا نہیں کرتے۔"

بیان اغراض ووجوہ

یہ بات مشاہدے میں آئی ہے کہ بجلی کی تقسیم کار کمپنیاں ان صارفین کی بھی بجلی منقطع کر دیتی ہیں جو اپنے بل باقاعدگی سے ادا کرتے ہیں۔ تاہم ان کے ہمسائے یا اس آبادی (محلہ) کے لوگ باقاعدگی سے بل ادا نہیں کرتے۔ یہ ان لوگوں کے ساتھ ناانصافی ہے جو اپنے بل باقاعدگی سے ادا کرتے ہیں اور ان کو دوسروں کے جرائم کی سزا بھگتنی پڑتی ہے۔ تقسیم کار کمپنیاں اس حوالے سے کوئی نظام وضع کرنے میں ناکام رہی ہیں۔ لہٰذا یہ بل وقت کی ضرورت ہے۔

دستخط/۔

جناب ساجد خان مندوخیل

رکن، انچارج